## لارڈمیکالے کے نصابِ تعلیم نے جنرل نیازی اور قرآنی نصابِ تعلیم نے ملا محمد عمر مجاہد کو پیدا کیا

# مدارس اسلامیہ نے ملک کو دیانت دار، متقی اور باکردار قیادت فراہم کی

**جب کہ یونیورسٹیوں نے پاکستان میں سیاستدانوں کا غول بیابانی پیدا کر کے ملک کا سارا نظام کرپٹ کر دیا (امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری)**

ملتان (مراسلہ نگار حسین اختر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر شیخ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ لارڈمیکالے کے پالے ہوئے قرآن و حدیث کے فدائیوں کو شکست نہیں دے سکتے لارڈمیکالے کے نصاب تعلیم نے جنرل نیازی پیدا کیا۔ جس نے مسلمانوں کو تاریخ کی سب سے بڑی شکست سے دوچار کیا جبکہ قرآنی نصاب نے ملا محمد عمر مجاہد پیدا کیا جنھوں نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو فتح و کامرانی سے نوازہ اور مجبور و مقہور قوم کو عزت و وقار اور جرأت و شجاعت کے ساتھ زندہ رہنے کا شعور بخشا۔

شیخ سید عطاء المہیمن بخاری جامعہ خیر المدارس کی شاخ خیر المعارف اکیڈمی میں منعقدہ عظمت قرآن کانفرنس کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ علماء اور طلباء اپنی جانیں قربان کر دیں گے مگر دینی مدارس پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن کریم ہر مسلمان کا نصاب تعلیم ہے اس نصاب کو پڑھنے اور اس پر عمل کرنے والے ہی مستقبل کے حقیقی معمار اور ملک و قوم کے خیر خواہ ہیں۔ مدارس اسلامیہ نے ملک کو دیانت دار، متقی اور باکردار قیادت فراہم کی ہے۔ یونیورسٹیوں نے کرپٹ سیاست دانوں کا غول بیابانی پیدا کر کے ملک کا سارا نظام کرپٹ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مولویوں نے نہیں لادین سیاست دانوں نے توڑا ہے۔ اب این جی اوز بچے کھچے پاکستان کو بھی توڑنا اور تقسیم کرنا چاہتی ہیں۔ دینی مدارس، این جی اوز کے ناپاک خوابوں کو شرمندہ تعبیر نہیں ہونے دیں گے اور ملک دشمن عزائم کو خاک میں ملادیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس اسلامیہ پرامن اور بااخلاق معاشرے کے قیام کے لیے کوشاں ہیں۔ ہمارا راستہ روکا گیا تو گلیاں، بازار اور پارک مدارس میں تبدیل کر دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کتوں کے حقوق کے تحفظ کے نام پر ڈالر جمع کرنے والی این جی اوز کو انسانی حقوق کے تحفظ کا شعور نہیں ہو سکتا۔ بے دین اور بدمعاش دندنا رہے ہیں اور مدارس کے گرد پابندیوں کی زنجیریں باندھی جا رہی ہیں۔ شیخ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ ہم صرف اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اطاعت گزار ہیں ہم مذہب کو افیون کہنے والے ملحدوں، شرابیوں، چرسیوں اور مقطوع النسب این جی اوز کے ہرکاروں کی اطاعت قبول نہیں کر سکتے۔ ہم فساق و فجار کی غلامی کی تمام زنجیریں توڑ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے دینی شعار کے اظہار اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے فروغ کے لئے کسی پابندی کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔

**عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ، ناموس ازواج و اصحاب رسول علیہم الرضوان کا دفاع اسلام کی**
**—— دعوت، سنت جہاد کی تعلیم و احیاء ہمارے مقاصد ہیں ——**
**علماء حق متحد ہیں اور فتنوں کی سر کوبی ہر مسلمان کے ہر فرائض میں شامل ہے**
**—— (امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری) ——**

ملتان (مراسلہ نگار) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر شیخ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ قادیانیوں اور

تمام دین دشمن گروہوں نے این جی اوز کی چھتری تلے پناہ لے رکھی ہے۔ علماء اور دینی جماعتیں این جی اوز کے مقاصد پورے نہیں ہونے دیں گے۔ وہ عثمان آباد کالونی ملتان میں ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو سب سے زیادہ حقوق عطاء فرمائے ہیں۔ عورت کی عزت و حرمت کا تحفظ کیا ہے اور اسے حجاب کی نعمت عطاء کر کے جہاں بری نظروں سے محفوظ کیا ہے وہاں بے شمار معاشرتی جرائم کا بھی خاتمہ کیا ہے۔ شیخ سید عطاء المھیمن بخاری نے اجتماع میں موجود باپردہ خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک دینی معاشرہ کی تشکیل میں نہایت مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ماں کی گود پہلی درس گاہ ہے دین کی تعلیم یہیں سے شروع ہو جائے تو دینی انقلاب کا برپا ہونا یقینی ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ یہ دو تہذیبوں کی جنگ ہے اور ہم نے جہاد کی سنت زندہ کر کے یہ جنگ جیتنی ہے انہوں نے کہا کہ این جی اوز کا سب سے بڑا مورچہ خواتین ہیں جنہیں گمراہ کر کے وہ ہمارے گھروں سے دین کو نکالنا چاہتی ہیں انہوں نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ، ناموس ازواج واصحاب رسول علیھم الرضوان کا دفاع، اسلام کی دعوت و تبلیغ ادر اور سنت جہاد کی تعلیم واحیاء ہمارے مقاصد اور عزائم ہیں علماء حق متحد ہیں اور عصر حاضر کے تمام فتنوں کا سر کچل کر رکھ دیں گے دین کے خلاف اٹھنے والے فتنوں کی سرکوبی ہر مسلمان کے فرائض میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی اور آغا خانی ملک کا نقشہ تبدیل کرنے کی سازشیں کر رہے ہیں ہم شمالی علاقوں کو کشمیر سے کاٹ کر امریکی چیک پوسٹ بنانے کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور نہ ہی قادیانیوں کا اکھنڈ بھارت کا خواب پورا ہونے دیں گے۔ شیخ سید عطاء المھیمن بخاری نے کہا کہ ہم دین کی توہین اور علماء کے استہزا کو برداشت نہیں کریں گے۔ اب این جی اوز اور دینی قوتوں کے درمیان کھلی جنگ ہوگی۔ فتح و نصرت ہمارا مقدر ہے قوم کو بند گلی میں لا کھڑا کرنے والے قومی مجرم جان لیں کہ اب وہ دیوار توڑ کر راستہ بنایا جائے گا مستقبل اسلام کا ہے پاکستان میں نفاذ شریعت کا راستہ زیادہ دیر تک نہیں روکا جا سکتا۔ امریکا اور اس کے پٹھوؤں کو پاکستان میں عبرتناک شکست ہوگی۔

○ قرآنی دستور اور حکومت الٰہیہ ہر شخص کو عدل وانصاف فراہم کرنے کی ضامن ہے

قرآن وسنت کے قانون پر حقیقی معنوں میں عمل پیرا ہو کر دنیا وآخرت میں سرخرو ہو سکتے ہیں

امت مسلمہ کی بقا اور ملکی سلامتی قرآن وسنت پر عمل پیرا ہونے میں ہے (سید محمد کفیل بخاری)

ملتان (حسین اختر) مجلس احرار اسلام ملتان کے زیر اہتمام جامع مسجد مکی چوک حرم گیٹ میں ماہانا درس قرآن مجید کی مجلس سے خطاب کرتے ہوئے احرار رہنما سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ امت مسلمہ کی بقا اور ملکی سلامتی اور تمام تر مشکلات کا واحد حل قرآن مجید اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے میں ہے۔ قرآن مجید مکمل احکامات کا مجموعہ ہے۔ قرآن کائنات پر غور وفکر کی دعوت دیتا ہے جس میں معاشرت معیشت اور روحانیت ہر شعبہ میں ہماری رہنمائی کرتا ہے انفرادی اور اجتماعی زندگی کے لیے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ قیامت تک کہ آنے والی پوری انسانیت کے لیے اسوۂ حسنہ ہے۔ قرآن وسنت کے قانون پر حقیقی معنوں میں عمل پیرا ہو کر ہم دنیا وآخرت میں سرخرو ہو سکتے ہیں الٰہی قانون ہر شخص کو عدل وانصاف فراہم کرنے کا ضامن ہے۔ قرآن مجید آخری صحیفہ آسمانی ہے پوری کائنات کے انسانوں کیلئے بالعموم اور مسلمانوں کے لیے بالخصوص ضابطۂ حیات ہے اس میں تمام شعبوں کے احکامات موجود ہیں جامع ہدایت ہے آپ نے کہا کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز نہیں کر سکتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر حکم پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض اولین ہے۔

## ملک کے کئی اہم اداروں پر قادیانیوں کا تسلط قائم کیا جارہا ہے۔

### انسانی حقوق کے تحفظ کے پردے میں لادینیت و کفر وارتداد کو فروغ دیا جارہا ہے

نئے نئے حربوں سے نئی نسل کو حرام کاری اور گمراہی کی طرف راغب کرنے کے لئے قومی وسائل کا استعمال ہو رہا ہے

(چیچاوطنی میں احرار رہنما محترم عبداللطیف خالد چیمہ کی قیادت میں مجلس احرار اسلام کے ایک وفد سے مولانا فضل الرحمن کا اظہار خیال)

چیچاوطنی (18/اکتوبر) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ نیب سمیت کئی اہم اداروں پر قادیانیوں کا تسلط قائم کیا جارہا ہے اور متعدد کلیدی عہدوں پر قادیانیوں کو تعینات کیا جا چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورۂ چیچاوطنی کے موقع پر صوفی نصیر احمد چیمہ کی رہائش گاہ پر عبداللطیف خالد چیمہ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے مجلس احرار اسلام کے ایک وفد سے بات چیت کے دوران کیا، وفد میں قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، سید رضوان الدین احمد صدیقی، حافظ حبیب اللہ رشیدی، محمد آصف چیمہ اور محمد رمضان جلوی شامل تھے۔

مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ این جی اوز کی اسلام و ملک دشمن سازشوں کو ہم نے طشت از بام کر دیا ہے۔ اور حالات و واقعات نے ہمارے موقف کو درست ثابت کیا ہے کہ فلاحی کاموں کی آڑ اور انسانی حقوق کے تحفظ کے پردے میں لادینیت اور کفر و ارتداد کو فروغ دیا جارہا ہے۔ نئے نئے حربوں سے نئی نسل کو حرام کاری اور گمراہی کی طرف راغب کرنے کے لئے قومی وسائل کا استعمال ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام انسانی حقوق کا سب سے زیادہ علمبردار ہے جبکہ امریکہ اور یورپ کی پالیسیاں اور رویے انسان دشمنی اور استحصال پر مبنی ہیں۔ اس موقع پر ہم مسلک جماعتوں کے باہمی اتفاق واتحاد کے لئے امکانی صورتحال اور اس میں حائل رکاوٹوں نیز "علماء کونسل" کی اب تک کی پیش رفت پر بھی گفتگو ہوئی بعد ازاں 19۔ اکتوبر کو بعد نماز فجر مولانا فضل الرحمن دفتر مجلس احرار اسلام جامع مسجد تشریف لائے اور دعا فرمائی جمعیت علماء اسلام اور مجلس احرار اسلام کے احباب بھی اس موقع پر موجود تھے۔

### توہین رسالت کے مرتکب ایوب مسیح کی سزائے موت کے خلاف ہائی کورٹ میں مکمل اور قانونی پیروی کی جائے گی

بشپ جان جوزف کے قتل کو خودکشی کا رنگ دینے والے محرکات کو عوام کے سامنے لایا جائے گا

ضلع ساہیوال میں قادیانیوں، عیسائیوں، بہائیوں اور این جی اوز کی اسلام دشمن سرگرمیوں کا تدارک کیا جائے

مرکزی جامع مسجد عید گاہ ساہیوال میں کل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے اجلاس میں مندوبین کا اظہار خیال

ساہیوال (25۔ اکتوبر) کل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت ضلع ساہیوال کے زیر اہتمام مرکزی جمعیت اہلحدیث کے رہنما مولانا عبدالرشید راشد کی زیر صدارت مرکزی جامع مسجد عید گاہ میں منعقدہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ توھین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتکب ایوب مسیح کی سزائے موت کے خلاف ھائی کورٹ میں مکمل اور قانونی پیروی کی جائے گی اور بشپ جان جوزف کے قتل کو خودکشی کا رنگ دینے والے محرکات کو عوام کے سامنے بلایا جائے گا۔ اجلاس میں جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری شیخ محمد اصغر مرکزی جامع مسجد عید گاہ کے خطیب مولانا عبدالستار، مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت علماء پاکستان (نورانی) کے چودھری محمد طفیل، بزم رضا کے چیئرمین شیخ اعجاز احمد رضا، مسجد فاروق اعظم کے خطیب قاری منظور

احمد طاہر، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے قاری عبدالجبار، مولانا عبدالحکیم نعمانی، محمد اسلم بھٹی اور رانا عبدالشکور طاہر، جمعیت علماء اسلام کے قاری سعید ابن شہید اور چودھری ضیاءالحق، جامعہ رشیدیہ کے خطیب مولانا شریف احمد طاہر، خطیب جامع مسجد مینار والی مولانا محمد امین، حرکتہ الجہاد الاسلامی کے قاری غلام نبی، سپاہ صحابہ کے حافظ محمد بلال اور مولانا عبدالحمید نے شرکت کی۔

اجلاس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ ضلع ساہیوال میں قادیانیوں، عیسائیوں، بہائیوں اور این جی اوز کی اسلام دشمن سرگرمیاں قابل اعتراض اور اشتعال انگیز حد تک بڑھ گئی ہیں۔ اگر ان کا بروقت تدارک نہ کیا گیا تو ضلع ساہیوال کے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور مذہبی جماعتیں شدید رد عمل کا اظہار کریں گی۔ اجلاس میں عبداللطیف خالد چیمہ، شیخ اعجاز احمد رضا، قاری منظور احمد طاہر، قاری عبدالجبار اور قاری سعید ابن شہید پر مشتمل ایک رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی۔ جو ایوب مسیح کیس کی نگرانی کرے گی۔ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم اور سیدنا حضرت یوسف علیہ اسلام کے مزار کی بے حرمتی پر شدید اضطراب کا اظہار کیا گیا۔ ایک دوسری قرارداد میں اسلام آباد میں ''عورت اور قوانین'' کے نام سے ہونے والے سیمینار میں حدود قوانین اور اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی کی شدید مزاحمت کی گئی۔ ایک اور قرارداد میں ساہیوال میں لادینیت اور بے حیائی کو فروغ دینے والی این جی اوز اور امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے ورنہ پیش آمدہ صورت حال کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

## قادیانیوں کی سرگرمیاں خطرناک حد تک بڑھ گئیں، عبداللطیف خالد چیمہ

### سندھ کے سرحدی علاقوں میں دفاعی نقطہ نظر سے مرزائی وطن دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہیں

### این جی اوز کی آڑ میں سیکولرازم کی سازش کی جارہی ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

بورے والا (پ ر) تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ملک بھر میں قادیانیوں کی ارتدادی سرگرمیاں انتہائی خطرناک حد تک بڑھ گئی ہیں۔ صوبہ سندھ بالخصوص سندھ کے سرحدی علاقوں میں دفاعی نقطہ نظر سے مرزائی اسلام و وطن دشمن کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ عمر کوٹ تھرپارکر سمیت کئی سدباب کے لئے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی وہ گزشتہ روز مولانا عبدالنعیم کی رہائش گاہ پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے مجلس احرار اسلام بورے والا کے صدر صوفی عبدالشکور بھی موجود تھے۔ خالد چیمہ نے کہا کہ این جی اوز کے پردے میں سیکولرازم کا راج قائم کرنے کی خوفناک سازش پر عمل ہو رہا ہے اور ہیومن رائٹس کے دلفریب نعرے کے نام پر پاکستان کے اسلامی و نظریاتی تشخص کی تباہی کی شعوری کوششیں ہو رہی ہیں انہوں نے کہا کہ مغربی سوسائٹی کے حوالے سے بین الاقوامی قوانین کو قبول کر لینے کا مشورہ دینے والے نہ صرف مسلمانوں کی غیرت کا جنازہ نکالنے کے درپے ہیں بلکہ وہ انسانی و اخلاقی اقدار اور احترام آدمیت کی بھی نفی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا یہود و انصاریٰ سے مرعوبیت کی بجائے ہمیں جرأت کے ساتھ مقابلے اور مزاحمت کی سکت پیدا کرنی چاہیئے۔ جس طرح افغانستان کی مثال پوری دنیا کے سامنے ہے۔ ملا عمر اور طالبان کا شرعی قوانین کے حوالے سے اقوام متحدہ کے سامنے ڈٹ جانا خلافت اسلامیہ کی نشاۃ ثانیہ کی نوید ہے۔

انہوں نے کہا کہ ترقی کی بجائے افغانستان میں نافذ العمل نظام ہمارا آئیڈیل نظام ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ اور میڈیا کے ذریعے سیکس فری سوسائٹی کی ترغیب دی جارہی ہے۔ اور نوجوان نسل کو حرام کاری کی طرف لایا جارہا

ہے۔ خالد چیمہ نے مطالبہ کیا کہ محمد داؤد طاہر ممبر چیف ایگزیکٹو معائنہ کمیشن اور پراسیکیوٹر جنرل نیب فاروق آدم سمیت تمام کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو فی الفور الگ کیاجائے اور چناب نگر سمیت پورے ملک میں امتناع قادیانیت آرڈیننس پر عمل در آمد کی صورت حال بہتر بنائی جاتی ہے۔

## طالبان نے خلافت اسلامیہ کی یاد تازہ کردی ❁ ملا محمد عمر ہمارے لئے اس دور کے آئیڈیل ہیں

جنہوں نے یہود و نصاریٰ کے منفی پراپیگنڈے کے باوجود افغانستان میں مثالی حکومت قائم کر دی ہے

○ کافرانہ جمہوریت کے ذریعے اسلامی نظام تو کجا اصلاح احوال بھی ممکن نہیں ○

### امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاءالمہیمن بخاری مدظلہ کا مسجد صدیقیہ کمالیہ میں اجتماع جمعہ سے خطاب

کمالیہ (13، اکتوبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاءالمہیمن بخاری نے مسجد صدیقیہ کمالیہ میں نماز جمعتہ المبارک کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ قادیانی این جی اوز کے بارے میں پاکستان کے اسلامی و نظریاتی تشخص کی تباہی کے درپے ہیں اور حکومت ان کی سرپرستی کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ طالبان نے خلافت اسلامیہ کی یاد تازہ کر دی ہے جو پوری دنیا کیلئے ایک مثال ہے ملا عمر ہمارے لیے اس دور کے آئیڈیل ہیں جنہوں نے یہود و نصاریٰ کے منفی پراپیگنڈے کے باوجود افغانستان میں مثالی حکومت قائم کر کے اقوام عالم کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان کا قیام بھی خلافت اسلامیہ کے نفاذ کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا اس سے مجرمانہ اغماض برتنے کی سزا ہم بھگت رہے ہیں۔

پاکستان کی سلامتی و بقاء اور ترقی کا صرف اور صرف ایک ہی راستہ ہے کہ ملا عمر کی تقلید میں خلافت اسلامیہ کا اعلان کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کیبل میڈیا پر مغربی کلچر اور حرام کاری کی اعلانیہ دعوت دی جارہی ہے نئی نسل کو گمراہ کرنے کیلئے منصوبہ بندی کے ساتھ ملکی وسائل کا بے دریغ استعمال ہو رہا ہے بعد ازاں عبدالکریم قمر کی رہائش گاہ پر احرار کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اہل حق کو منکرات کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کافرانہ جمہوریت کے ذریعے اسلامی نظام تو کجا اصلاح احوال بھی ممکن نہیں، شمالی علاقہ جات کو آغا خانی ریاست بنانے کی سازش کو ہم کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ مجلس احرار اسلام ایک نظریاتی و فکری جماعت کا نام ہے اور ہماری منزل "حکومت الٰہیہ" کا قیام ہے عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ اور مرزائیت کے استیصال کیلئے کام کرنا ہماری شناخت ہے

فتنہ مرزائیت کے منظم تعاقب اور منکرینِ ختمِ نبوت کے خلاف عوامی تحریک کا اعزاز مجلس احرار اسلام کے حصے میں آیا

## شہداء ختمِ نبوت کا خونِ بے گناہی رنگ لایا اور قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا

### چنیوٹ میں "فتح قادیان کانفرنس" کے اجتماع احرار سے امیر احرار حضرت سید عطاءالمہیمن بخاری اور دیگر احرار رہنماؤں کا خطاب

چنیوٹ (20۔اکتوبر) مجلس احرار اسلام کے مرکزی امیر سید عطاءالمہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اکتوبر 1934ء میں قادیان میں مجلس احرار کے فاتحانہ داخلے نے نہ صرف قادیانی سازشوں کو ملیامیٹ کر کے رکھ دیا تھا بلکہ انگریز سامراج کے استبدادی ہتھکنڈوں کو بھی ناکام بنا دیا تھا جس سے فتنۂ مرزائیت کے منظم تعاقب اور منکرین ختم نبوت کے خلاف عوامی تحریک کا اعزاز مجلس احرار اسلام کے حصے میں آیا، قادیان کی طرح چناب نگر (ربوہ) میں بھی پہلے

باضابطہ ملک گیر اجتماع اور دینی مرکز کے قیام کا سہرا بھی احرار کے سر پر سجا، وہ مرکز احرار مدنی مسجد چنیوٹ میں "فتح قادیان کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے، مجلس احرار کے مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد، اور مولانا محمد مغیرہ نے بھی خطاب کیا۔

سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ 1953ء میں مسلم لیگ کے دور اقتدار میں تحریک ختم نبوت کے دوران دس ہزار نہتے فرزندانِ توحید کے سینے گولیوں سے چھلنی کرنے والوں نے سمجھا کہ تحریک کو تشدد سے دبا دیا گیا ہے لیکن یہ تحریک جاری رہی اور آخر کار شہداء ختم نبوت کا خون بے گناہی رنگ لا کر رہا اور قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج پھر حکومت اور بیرونی طاقتیں پاکستان اور مسلمانوں کو کمزور کرنے کے لئے قادیانیوں کی سرپرستی کر رہی ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محمد داؤد طاہر ممبر چیف ایگزیکٹو معائنہ کمیشن اور پراسیکیوٹر جنرل نیب فاروق آدم جیسے کٹر قادیانیوں سمیت کئی دیگر حساس اور کلیدی عہدوں پر قادیانیوں کو تعینات کیا گیا ہے جو کسی بڑے خطرے کا الارم ہے۔

پروفیسر خالد شبیر احمد نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ اور قادیانیت کے خلاف جدوجہد ہمارا طرۂ امتیاز ہے۔ ارتدادی گروہوں کے شب خون سے مسلمانوں کو بچانا ہمارا فرض بھی ہے اور فطری حق بھی مولانا محمد مغیرہ نے کہا ہے کہ اگر حکومت ملک میں امن چاہتی ہے تو قادیانی جماعت کو خلاف قانون قرار دے۔ کانفرنس میں منظور کی جانے والی قرار دادوں میں مطالبہ کیا گیا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی روشنی میں ارتداد کی شرعی سزا نافذ کی جائے، سول اور فوج کے تمام کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو بلا تاخیر الگ کیا جائے، امتناع قادیانیت آرڈیننس پر موثر عمل درآمد کر دیا جائے۔ جمعہ کی چھٹی بحال کی جائے۔

**❂ قادیانیوں کو اسلام آباد میں بعض اہم ترین مناصب پر تعینات کیا جا چکا ہے**

**لندن میں پاکستانی سفارت خانے سے جاری ہونے والے پاسپورٹ فارموں سے مذہب کی وضاحت والی شق حذف کر دی گئی**

**❂ چناب نگر سمیت پورے ملک میں امتناع قادیانیت آرڈیننس پر عمل درآمد کرایا جائے**

**احرار رہنما جناب عبداللطیف خالد چیمہ اوکاڑہ میں احرار کارکن شیخ مظہر سعید کی رہائش گاہ پر تحریک تحفظ ختم نبوت اور احرار کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے**

اوکاڑہ (7۔اکتوبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ فوجی حکومت دین و ملک دشمن این جی اوز اور قادیانیوں کے نرغے میں ہے اور طویل دورانیے والی خطرناک پلاننگ کے ذریعے چن چن کر قادیانیوں کو "اسلام باد" میں بعض اہم ترین مناصب پر تعینات کیا جا چکا ہے۔ وہ احرار کارکن شیخ مظہر سعید کی رھائش گاہ پر تحریک ختم نبوت اور مجلس احرار کے کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے۔ خالد چیمہ جو کل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات بھی ہیں نے کہا کہ محمد داؤد طاہر ممبر چیف ایگزیکٹو معائنہ کمیشن اور پراسیکیوٹر جنرل نیب فاروق آدم جیسے کٹر قادیانیوں سمیت کئی دیگر حساس اور اہم ترین عہدوں پر قادیانیوں کو تعینات کرنا نہ صرف قادیانیت نوازی بلکہ کسی بڑے خطرے کا الارم ہے۔ ملک کے تمام مذہبی طبقات کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹریٹ میں موجود قادیانی لابی ملکی اور بین الاقوامی سطح پر قادیانیت کے فروغ کیلئے سرکاری وسائل سے منظم منصوبہ بندی کے تحت کام کر رہی ہے اور داؤد طاہر ممبر چیف ایگزیکٹو معائنہ کمیشن لبنان میں قادیانی مشن کیلئے سرگرم ہے، انہوں نے الزام عائد کیا کہ لندن میں پاکستانی

سفارتخانہ سے جاری ہونے والے پاسپورٹ [illegible] میں مذہب کی وضاحت والی شق حذف کر دی گئی ہے۔ جو اسلام سے غداری اور قانون سے انحراف کی بدترین مثال ہے۔ برطانیہ کے مذہبی رہنماؤں نے متعلقہ حکام کو ثبوت کے ساتھ آگاہ بھی کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ چناب نگر سمیت پورے ملک میں امتناع قادیانیت آرڈیننس پر عمل درآمد کی صورتحال تسلی بخش نہیں ہے اور قادیانی کھلے عام ارتدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں سرکاری مشینری و قانون کی عملداری کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیئے ورنہ عوام میں شدید ردعمل پیدا ہوگا۔

## امریکہ و یورپ میں لوگ اسلام سے متأثر ہو رہے ہیں

○ پاکستان میں اسلام کو اسکی روح کے ساتھ نافذ کر دیا جائے تو تمام مشکلات دور ہو سکتی ہیں ○

مرکزی دفتر احرار لاہور میں امیر احرار حضرت سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ برطانیہ کی پارلیمنٹ کے مسلمان رکن چودھری محمد سرور سے تبادلہ خیال کر رہے تھے اس موقع پر احرار رہنما جناب عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد یوسف احرار، چودھری ظفر اقبال ایڈووکیٹ، میاں محمد اویس اور سیف اللہ خالد بھی موجود تھے

لاہور (10 ۔اکتوبر) برطانیہ کی پارلیمنٹ کے مسلمان رکن چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ اسلام کے نظام عدل کو عملاً نافذ کیے بغیر اور پسے ہوئے طبقات کی محرومیوں کو دور کیے بغیر پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا، امریکہ و یورپ میں لوگ اسلام سے متاثر ہو رہے ہیں اور ہمارے کردار سے متنفر، اسلام کو اس کی روح کے ساتھ یہاں نافذ کر دیا جائے تو تمام کی تمام مشکلات دور ہو سکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز مجلس احرار اسلام کے مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں احرار کے سربراہ سیّد عطاء المہیمن بخاری سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عبداللطیف خالد چیمہ قاری محمد یوسف احرار چودھری ظفر اقبال ایڈووکیٹ، میاں محمد اویس اور سیف اللہ خالد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ چودھری محمد سرور نے کہا کہ پاکستان میں غربت مٹانے کا نام لینے والوں نے ہی غریب کا استحصال کیا، قومی و سرکاری وسائل کو جی بھر کے لوٹا اور اب بھی لوٹا جا رہا ہے 95 فیصد عوام پر حکمرانی کرنے والی کلاس روپ بدل بدل کر اقتدار پر قابض ہو جاتی ہے انہوں نے کہا کرپشن کی جڑ بیوروکریسی اور رولنگ کلاس ہے۔ یہی لوگ ملکی وسائل پر عیاشیاں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انگریز سامراج کے برصغیر سے انخلاء اور سرمایہ پرستانہ نظام کے خلاف مجلسِ احرار اسلام کے اکابر کی جدوجہد ہماری قومی و سیاسی تاریخ کا قابلِ رشک باب ہے جسے تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا گذشتہ سال انتقال کر جانے والے مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ علیہ کی دینی و علمی خدمات اور مجاہدانہ کردار پر خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر شہداء فاؤنڈیشن کے ایک وفد نے بھی چودھری محمد سرور سے ملاقات کی۔

قرآن وسنت کی دعوت فریضۂ جہاد کی ادائیگی کے بغیر نامکمل ہے ✿ ارض فلسطین کی آزادی مذاکرات سے نہیں جہاد سے حاصل ہوگی
این جی اوز یہود و نصاریٰ کی پاکٹ ایجنسیاں ہیں ✿ مدرسہ تعلیم الاسلام للبنات سیالکوٹ کے افتتاح کے موقع پر

## امیر احرار حضرت سید عطاءالمهيمن بخاري مدظله کا خطاب

سیالکوٹ (حافظ عزیزالرحمٰن قاسمی) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ قرآن وسنت کی دعوت فریضۂ جہاد کی ادائیگی کے بغیر نامکمل ہے۔ مسجد اقصیٰ کی پنجۂ یہود سے بازیابی اور ارضِ فلسطین کی آزادی مذاکرات سے نہیں جہاد سے حاصل ہوگی۔ عالم اسلام خواب غفلت سے بیدار ہو کر یہود و نصاریٰ کے خلاف اعلانِ جہاد کرے اور قبلۂ اول کو آزاد کرائے۔ وہ مدرسہ تعلیم الاسلام للبنات سیالکوٹ کے افتتاح کے موقع پر ایک

جلسہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بیت المقدس اور فلسطین میں مظلوم مسلمانوں کا قتل دنیا کا بہت بڑا سانحہ ہے لیکن انسانیت کے نام نہاد ٹھیکیدار امریکہ اور اس کے حاشیہ بردار یورپین ممالک کو یہودیوں کے مظالم نظر نہیں آتے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ فلسطین، کشمیر، چیچنیا، انڈونیشیا اور فلپائن میں دہشت گردی کے ذریعے مسلمانوں کے قتل عام پر این جی اوز خاموش ہیں جبکہ اپنے دفاع میں جہاد کرنے والے مسلمانوں کو دہشت گرد قرار دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این جی اوز یہود و نصاریٰ کی پاکٹ ایجنسیاں ہیں۔ عالم اسلام، خصوصاً پاکستان میں ان کا اسلام دشمن اور مسلم کش کردار طشت از بام ہو چکا ہے۔ علماء حق دینی مدارس کا منظم نیٹ ورک قائم کر کے این جی اوز کے بھیانک اور مکروہ کردار کو ختم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا نعرہ دنیاء کفر کا سب سے بڑا دھوکہ ہے۔ جس طرح تحریک آزادی فلسطین و مسجد اقصیٰ کو یاسر عرفات کے ذریعے مذاکرات کی میز پر تباہ کرنے کی سازش ہو رہی ہے اسی طرح آزادی کشمیر کو بھی مذاکرات کے ذریعے معلق اور تباہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاد کی سنت عملی میدان میں سب سے موثر قوت ہے۔ فلسطین اور کشمیر کا مسئلہ بھی جہاد کی برکت سے حل ہوگا۔ انہوں نے مسلم ممالک کے سربراہان مملکت سے مطالبہ کیا کہ وہ فلسطین و کشمیر اور دیگر جہادی تحریکوں کی اخلاقی و عملی مدد کر کے ایمانی غیرت و حمیت کا ثبوت دیں۔ ان کی حمایت میں عالم اسلام کی بقا مضمر ہے اس اجتماع سے مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے بھی خطاب کیا۔

- جب تک ملک میں سے سودی نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا ملکی معیشت مستحکم نہیں ہوگی
- ذرائع ابلاغ پر پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ عریانی اور فحاشی کو فروغ دیا جا رہا ہے
- ملک میں اسلام نافذ کر دیں تو پاکستان امن و سلامتی کا گہوارہ بن سکتا ہے

**صادق آباد میں امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ ایک بڑے اجتماع احرار سے خطاب کر رہے تھے**

صادق آباد (حافظ رضا محمد) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اسلامی نظام کے نفاذ کے بغیر کوئی حکومت مستحکم نہیں ہوگی۔ موجودہ حکومت کا عدم استحکام اور اقتصادی و معاشی بدحالی کا سبب نفاذ اسلام سے فرار کا نتیجہ ہے وہ مدرسہ معمورہ صادق آباد میں ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل کرتے ہوئے سود کے خاتمے کا اعلان کر کے نفاذ اسلام کا آغاز کرے جب تک سود ختم نہیں ہوگا ملکی معیشت مستحکم نہیں ہوگی۔ امیر احرار نے کہا کہ این جی اوز کی شکست نوشتہ دیوار ہے۔ وزراء کے استعفے اسی شکست کا مظہر ہیں۔ دینی جماعتیں، این جی اوز کے دین دشمن کردار کے خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گی۔ حضرت سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ موجودہ حکومت کی ایک سالہ کارکردگی صفر ہے ذرائع ابلاغ پر پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ عریانی اور فحاشی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ قومی غیرت و حمیت اور اخلاقی اقدار تباہ ہو چکی ہیں۔ قادیانی، آغاخانی اور رافضی یہود و نصاریٰ کے مفادات کے لیے کام کر رہے ہیں۔ حکمرانوں نے مزید غفلت کی تو ملکی سلامتی کے لئے خطرات بڑھیں گے۔ جمہوریت کفر ہے۔ لادین اور کرپٹ سیاست دانوں کو اسی نظام میں پناہ ملتی ہے۔ اسلام نافذ کر دیں تو ملک امن و سلامتی کا گہوارہ بن جائے گا۔

میں ذلیل ہوگا۔ مسلمان امریکی غلامی پر لعنت بھیجتے ہیں۔ ہم صرف اللہ کے غلام ہیں۔ اور نبی علیہ السلام کے مطیع و فرمانبردار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد، عالم اسلام کے محسن ہیں۔ ان کا سب سے بڑا احسان دنیا کے ایک خطے پر امارت شرعیہ کا قیام ہے۔ مسلمان، اسلامی افغانستان کو دنیا کے سامنے مثال بنا کر پیش کر سکتے ہیں۔ اللہ کی نصرت طالبان کے شامل حال ہے۔ بالآخر کار دنیا طالبان حکومت کو تسلیم کرے گی۔ (ان شاءاللہ)

## کراچی میں حالیہ دہشت گردی دینی جماعتوں کی مقبولیت کا رد عمل ہے، کفیل بخاری

### بزدلانہ کارروائیوں سے دینی جماعتوں کو خوفزدہ نہیں کیا جاسکتا، اسلامی نظام نافذ کیا جائے، خبریں سے گفتگو

کراچی (خبر نگار خصوصی) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ کراچی میں ہونے والی حالیہ دہشت گردی دراصل دینی جماعتوں کی عوام میں پذیرائی اور بڑھتی ہوئی مقبولیت کا رد عمل ہے۔ وہ پیر کے روز یہاں خبریں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے دینی جماعتوں کو خوفزدہ کیا جاسکتا ہے نہ ہی راستے سے ہٹایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کو بہتر بنانے اور ملک کو مضبوط و مستحکم کرنے کا ایک ہی حل ہے کہ حکومت اسلامی نظام نافذ کردے اور اسلامی نظریاتی کونسل کی متفقہ سفارشات کو عملی شکل دے۔ اس کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل کرتے ہوئے سودی نظام کو معینہ مدت کے اندر ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے نہ صرف ہماری معیشت مستحکم ہوگی بلکہ ملک امن و سلامتی کا گہوارہ بن جائے گا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ فرقہ وارانہ دہشت گردی کے رجحان میں خاصی کمی آگئی تھی۔ اگر حکومت مجرموں کو قرار واقعی سزا دیتی تو اس کا آغاز دوبارہ نہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ دینی جماعتیں فرقہ وارانہ تشدد کے خاتمے کے لئے حکومت سے ہر قسم کے تعاون کے لئے تیار ہیں۔

## مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم حضرت سید محمد کفیل بخاری کے دورۂ کراچی کی روداد

مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم نواسۂ امیر شریعت، حضرت سید محمد کفیل بخاری صاحب اتوار کی صبح بذریعہ ٹرین کراچی تشریف لائے تو مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنما محترم شفیع الرحمن احرار نے آپ کو خوش آمدید کہا۔ بھائی یوسف نے دفاع صحابہ حق نواز جھنگوی کانفرنس میں شرکت کے لئے سلیم بھائی کو بھیجا تو ڈیڑھ بجے ہم گھر سے روانہ ہو کر چائنا گراؤنڈ کشمیر روڈ پہنچے۔ اجتماع گاہ میں پہلی نشست اختتام پذیر ہوئی۔ مولانا عبدالغفور ندیم۔ ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوی اور دیگر سپاہ صحابہ کے ذمہ داران نے استقبال کیا اور نماز ظہر کی تیاریوں میں مصروف ہوگئے۔ دوسری نشست کا آغاز تین بجے ہوا ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوان صاحب کا تفصیلی خطاب ہوا۔ جرنیل سپاہ صحابہ اور جناب علی شیر حیدری اسٹیج پر موجود تھے۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما سید کفیل بخاری صاحب کو خطاب کی دعوت دی گئی پورا مجمع نواسۂ امیر شریعت کے خطاب کا اعلان سنتے ہی خاموش ہو کر متوجہ ہوا۔ شاہ جی نے انتہائی خوش الحانی میں تلاوت قرآن کریم فرمائی کہ عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کی یاد تازہ ہوگئی پھر شاہ صاحب نے برصغیر میں مدح صحابہ کی تحریک اور قائد احرار حضرت امیر شریعت، مولانا عبدالشکور لکھنوی، مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ، مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ، مولانا ایثار قاسمی، مولانا ضیاء الرحمن فاروقی، قاری سعید الرحمن اور سپاہ صحابہ کی تحریک کے شہداء مجلس احرار کے پیر جی عبدالعلیم رائے پوری شہید سمیت دیگر ناموس صحابہ کے شہداء کا تذکرہ کیا۔..... کانفرنس سے فارغ ہو کر مولانا احتشام الحق، شفیع الرحمن احرار اور شفیق احمد خان، قاری اللہ داد صاحب محمود آباد تنظیم العلماء پاکستان کے مرکزی رہنماء دفتر ختم نبوت کراچی

پہنچے جہاں مولانا عزیز الرحمن جالندھری، مولانا مفتی سعید جلالپوری، مولانا نذیر احمد تونسوی، مولانا انور رانا، جناب عبد الناصر، مولانا عتیق لدھیانوی، مولانا سعید لدھیانوی اور دیگر حضرات سے ملاقات ہوگئی۔

مجلس ختم نبوت کراچی کے دفتر سے بنوری ٹاؤن پہنچے عصر کی نماز ختم نبوت اکیڈمی کے سہیل باوا کی امامت میں اداء کی اور شیخ الحدیث حضرت مولانا علامہ مفتی نظام الدین شامزئی صاحب مدظلہ سے ملاقات کی۔ پھر بھائی طلحہ گیلانی صاحب کے گھر گئے جو نعت گو شعراء میں سے ہیں۔ بعد نماز مغرب مولانا احتشام الحق صاحب کے ہمراہ بھائی غانم اور بھائی خاتم شاہ صاحب سے ملاقات کے لئے تشریف لے گئے۔

23اکتوبر، مدرسہ عربیہ اسلامیہ قاری علی شیر قادری صاحب کے ہاں تشریف لے گئے۔ جہاں قاری عنایت اللہ صاحب، بھائی خالد صاحب، بھائی محمود احمد، بھائی ریاض صاحب وغیرہ نے استقبال کیا۔ ملاقات کے لئے مسلسل لوگ آتے رہے۔ اور بعد نماز عصر شاہ جی احتشام الحق صاحب اور شفیع الرحمن احرار کے ہمراہ محمود آباد میں واقع روزنامہ خبریں کے دفتر تشریف لے گئے اور طارق حمید صاحب کی دعوت پر چودھری شبیر احمد (ریزیڈنٹ ایڈیٹر) سے ملاقات ہوئی اور ملک کی مذہبی اور سیاسی صورتحال پر گفتگو فرمائی۔ یہاں سے فارغ ہو کر مولانا قاری اللہ داد صاحب کے مدرسہ گئے۔ جہاں آپ کے علاوہ جمعیت علماء اسلام کے مولانا خان محمد ربانی صاحب، مفتی اقبال صاحب اور دیگر حضرات موجود تھے۔ 24۔ اکتوبر۔ کو مولانا احتشام الحق، شفیع الرحمن احرار اور جناب عدیل صاحب کے ہمراہ حضرت شاہ جی حضوری ٹاؤن پہنچے۔ جہاں مفتی جمیل صاحب مفتی خالد محمود صاحب مفتی سعید احمد جلاپوری صاحب نے استقبال کیا اور علماء کونسل کے اسلام آباد میں ہونے والے اجلاس سے متعلق مشورہ ہوہوتا رہا۔ یہاں سے یہ قافلہ شامان ٹاؤن میں بھائی محمود احمد صاحب کی دوکان پر پہنچا۔ قاری عبدالمجید صاحب کے مدرسہ میں ساتھیوں سے ملاقات ہوئی۔ بھائی خالد اور مولانا قاری عنایت اللہ کے شدید اصرار پر شاہ جی دوپہر کا کھانا کھانے کے لئے بفرزون تشریف لے گئے جہاں منور صاحب جامعہ عثمانیہ بفرزون کے مولانا چراغ اسلام فاروق اعظم مسجد کے مفتی محمد عمر صاحب اور دیگر حضرات بھی مدعو تھے۔ یہاں سے ناظم آباد میں ششماہی ''السیرۃ'' کراچی کے مدیر محترم سید عزیز الرحمن صاحب کے گھر پہنچے۔ یہاں ماہنامہ ''تعمیر افکار'' کے مدیر محترم ڈاکٹر حقانی میاں قادری بھی موجود تھے۔ عصر اور مغرب کی نمازیں یہیں ادا کی گئیں۔ اس دوران جامع مسجد ھادی مارکیٹ ناظم آباد کے خطیب مولانا عبدالستار توحیدی بھی تشریف لے آئے دو گھنٹے کی نشست میں پاکستان میں دینی جرائد و رسائل، صحافت میں ان کا کردار، ملکی و بین الاقوامی مسائل اور دیگر متفرق موضوعات پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ رات 9 بجے تک مختلف احباب سے ملاقات کرتے ہوئے شاہ صاحب ماڈل ٹاؤن کالونی پہنچے۔ اور راقم شفیع الرحمن کے ہاں قیام کیا اور 25۔ اکتوبر کو بعد نماز فجر ملتان کے لئے روانہ ہوگئے۔

## مجلس احرار اسلام کراچی کے زیر اہتمام یوم معاویہ کی تقاریب

اسلامی بحریہ کے پہلے کمانڈر (امیر البحر) فاتح شام، کاتب وحی، چھٹے خلیفۂ راشد وعادل امیر المؤمنین سیدنا معاویہ بن ابی سفیان کی جہادی سرگرمیوں نے ایرانی و رومی سامراج کو عبرت ناک اور ذلت آمیز شکست سے دوچار کر کے اسلامی سرحدوں کو محفوظ و مامون اور مملکت کو ایک فلاحی ریاست بنا دیا تھا۔

مجلس احرار اسلام کراچی کے زیراہتمام یوم معاویہؓ انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ جامع مسجد داؤد میں 21رجب کو اجتماع جمعہ سے توحید و ختم نبوت اور اسوۂ صحابہؓ کے موضوع پر مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امیر المومنین سیدنا معاویہؓ کے والد کا نام سیدنا ابوسفیان اور والدہ کا نام سیدہ ہندہ، بڑے بھائی کا نام سیدنا یزید بن

ابوسفیان آپکی بہن ام المومنین سیدہ ام حبیبہؓ زوجہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ عمرۃ القضاء سے پہلے اسلام قبول کر چکے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جنگ بدر اور دیگر اسلام دشمن معرکوں میں شرکت نہیں کی۔ آپکی صلاحیتوں سے اسلام اور مسلمانوں کو بہت فوائد حاصل ہوتے رہے۔ 22 رجب بروز ہفتہ بعد نماز فجر عالمگیر مسجد حاصل کالونی میں شفیع الرحمن احرار جنرل سیکرٹری مجلس احرار اسلام کراچی نے یوم معاویہؓ کے عنوان سے مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ اسلام کے مظلوم ترین صحابی رسول سیدنا معاویہؓ کے محاسن اور خوبیوں کو ایرانی اور رومی سامراج ایجنٹوں اور مذہبی تخریب کاروں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر انتقام لینے کی کوشش کی۔

جانشین امیر شریعت قائد احرار سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ نے تجدید اسماء صحابہ و صحابیات کے عنوان سے باقاعدہ تحریک جاری کی تھی جو آج بھی جاری ہے الحمدللہ۔

قائد احرار سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ نے دفاع صحابہ اور مدح صحابہ کا آغاز 1950ء سے کیا۔ آپ کی خطابت کے خاص عنوانات میں سیدنا معاویہؓ کے زندگی کے حالات اور آپکی صلاحیتوں کا تذکرہ کرنا آپکی زندگی کا مشن تھا۔ آپ نے برصغیر کی تاریخ میں سب سے پہلے اپنے بڑے صاحبزادے کا نام سید محمد معاویہ بخاری اسی پس منظر میں رکھا اور 1961ء میں پہلا بین العالمی دینی کانفرنس بعنوان یوم معاویہؓ منعقد کیا شاہ جی کو ایران کی حکومت کے واویلا کرنے پر گرفتار کر لیا گیا اور چھ ماہ کے لئے جیل میں بند کر دیئے گئے۔

بعد نماز عصر جامع مسجد حسن میں فضائل معاویہؓ کا بیان کرتے ہوئے شفیع الرحمن احرار نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے حکم سے معاویہؓ کو کاتب وحی مقرر کیا۔ پرسنل سیکرٹری کے لئے آپ کو چن کر اعتماد کیا۔ خلافت اور امارت کی بشارت سنائی اور علم و حکومت کی دعاء فرمائی اور عدل و انصاف کی تاکید فرمائی تھی حضرت معاویہؓ نے اس پر عمل کر کے بتلا دیا۔

ڈاکٹر ذیشان فیصل نے ڈاؤ میڈیکل کالج کراچی میں سیدنا معاویہؓ کے فضائل و مناقب بیان فرمائے کہ حضرت معاویہؓ کی خوبیوں اور عسکری صلاحیتوں کی وجہ سے شام کی فتح کے لئے روانہ کیا جو یزید بن ابوسفیان اور آپ کے ہاتھوں مکمل ہوئی۔

حضرت ابوبکرؓ، عمر فاروقؓ اور سیدنا عثمانؓ نے اپنے عہد خلافت میں شام کے گورنر کے لئے نامزد کیا۔ آپ نے 1700 سو بحری جہازوں پر مشتمل بحری فوج ترتیب دیگر بحیرہ روم پر اسلامی جھنڈا لہرا دیا اور بیس سال تک پر امن فلاحی خلافت راشدہ کے نظام کو قائم رکھا۔

**قادیانی اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کو گمراہ کرنے اور یہود و نصاریٰ کے لئے جاسوسی کا بھیانک کردار ادا کر رہے ہیں۔ (سید کفیل بخاری)**

○ قادیانی اسلام دشمن طاقتوں کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں (مولانا محمد مغیرہ) ○

قادیانی صرف کافر نہیں بلکہ مرتد اور زندیق کے زمرے میں آتے ہیں (عبداللطیف خالد چیمہ)

**۲۸، اکتوبر کو پاک انجمن خواتین اسلام کے زیر اہتمام آپا نثار فاطمہ گرلز ہائی سکول شاہ جمال لاہور میں "تحفظ ختم نبوت اور قادیانیت" کے سلسلہ میں خواتین کے اجتماع سے احرار رہنماؤں کا خطاب**

لاہور (محمد معاویہ رضوان) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ ختم نبوت کا عقیدہ اتحاد امت کی علامت ہے، مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر نے یکجان ہو کر قادیانی فتنے کے استیصال کیلئے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں وہ پاک انجمن خواتین اسلام کے زیر اہتمام آپا نثار فاطمہ گرلز ہائی سکول شاہ جمال لاہور میں "تحفظ ختم نبوت اور قادیانیت" کے سلسلہ میں خواتین کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ خواتین کو بھی قادیانیت جیسے فتنوں کی بیخ کنی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ قادیانی اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کو گمراہ کرنے اور یہود و نصاریٰ کیلئے جاسوسی کا بھیانک کردار ادا کر رہے ہیں ان میں اتنی اخلاقی جرأت نہیں کہ وہ اپنی شناخت کیلئے "قادیانیت" کا ٹائٹل استعمال کریں۔ مسجد احرار چناب نگر کے خطیب مولانا محمد مغیرہ نے کہا کہ قادیانیوں نے دجل و تلبیس کے ذریعے گمراہی پھیلائی اور اب بھی اسلام دشمن طاقتوں کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ لادین این جی اوز اور ان میں گھسے ہوئے قادیانیوں کی سازشوں کو اپنی حکمت عملی سے ناکام بنائیں اور اسلام کے نظام عصمت و عفت پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت کا سامان پیدا کریں۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ اسلام نے عورت کو جو مقام عطا فرمایا مغرب کی ثقافتی یلغار اس کو تباہ کر کے مسلمانوں کے اصول و عقائد پر حملہ آور ہے انہوں نے کہا کہ قادیانی صرف کافر نہیں بلکہ مرتد اور زندیق کے زمرے میں آتے ہیں۔ انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ مرزائیوں کے مختلف روپ پہچانیں اور قادیانیوں اور این جی اوز کی سرگرمیوں کے تدارک کیلئے بچوں کی دینی ماحول میں تربیت کا اہتمام کریں۔

## امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

یکم نومبر: مدرسہ قاسم العلوم سوہدرہ بعد نماز عشاء داعی مولانا شمس الحق صاحب

۲، نومبر: جامع مسجد بانورے شریف چنیوٹ، خطاب بعد نماز ظہر

۳، نومبر: خطبہ جمعہ مدنی مسجد، احرار مرکز چنیوٹ، داعی مولانا صدیق الرحمن جھنگوی

۵، نومبر: بستی حسن خان چانڈیہ علاقہ آباد پور ضلع رحیم یار خان خطاب بعد نماز ظہر

۶، نومبر: چاہ راجھے والا خطاب بعد نماز ظہر، بخاری مسجد بستی مولویاں خطاب بعد نماز عشاء (ملک محمد دین، محمد اقبال اعوان صاحب

۷، نومبر: بستی اسلام آباد خطاب بعد نماز ظہر (داعی مولانا عبدالخالق)

۸، نومبر: بستی عبدالحمید چانڈیہ موضع اللہ آباد ضلع رحیم یار خان خطاب بعد نماز ظہر، داعی عبدالحمید صاحب چانڈیہ

۹، نومبر: قیام ملتان ۱۰، نومبر: خطبہ جمعہ مسجد احرار چناب نگر

۱۱، نومبر: شرکت سالانہ مجلس قرأت بعد نماز عشاء مسجد احرار چناب نگر

۱۲، نومبر: شرکت جلسہ بیاد حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ سلانوالی بعد نماز عشاء

۱۳، نومبر: قیام ملتان ۱۴، ۱۵ نومبر: قیام دارالعلوم ختم نبوت چیچاوطنی

۱۶، نومبر: مجلس ذکر بعد نماز مغرب دفتر احرار لاہور، خطاب بعد نماز عشاء مدنی مسجد غازی آباد (لاہور)

۱۷، نومبر: خطبہ جمعہ جامع مسجد الفاروق مغل پورہ لاہور بعد مغرب دستار بندی جامعہ اسلامیہ کمہار پورہ لاہور

۱۹، نومبر: خان پور ضلع وہاڑی خطاب بعد نماز ظہر، بعد نماز عشاء جامع مسجد فردوس بہاولنگر

۲۰، نومبر: ریلوے مسجد نور پورہ چشتیاں خطاب بعد نماز ظہر، بعد نماز عشاء، جامع مسجد مدینہ جنڈوالا

۲۱، نومبر: خطاب بعد نماز ظہر چک ۱۸۲ مراد تحصیل حاصل پور، خطاب بعد نماز عشاء جامع مسجد عثمانیہ نزد غلہ منڈی حاصل پور

۲۲، نومبر: بعد نماز فجر درس قرآن کریم شعلی غربی تحصیل چشتیاں

۲۳، نومبر: مجلس ذکر بعد نماز عشاء دار بنی ہاشم ملتان ۲۴، نومبر: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان
۲۵، نومبر: مکی مسجد حرم گیٹ ملتان خطاب بعد نماز عشاء و مجلس ذکر
۲۶، نومبر ۲۹ شعبان تا عید الفطر، قیام چناب نگر

## سید محمد کفیل بخاری مدظلہ کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

۲۱، اکتوبر: خطاب اجتماع یوم معاویہؓ خیر پور میرس سندھ ۲۲، اکتوبر: خطاب دفاع صحابہ و حقنواز جھنگوی شہید کانفرنس کراچی
۲۳، ۲۴، اکتوبر: ملاقات و مشاورت احباب جماعت کراچی ۲۵، ۲۶، اکتوبر: قیام ملتان
۲۷، اکتوبر: خطبہ جمعہ جامعہ معاذ ملتان ۲۸، اکتوبر: خطاب اجتماع خواتین لاہور
۲۹، اکتوبر: قیام دفتر احرار لاہور ۳۰، ۳۱، اکتوبر: تنظیمی دورہ تلہ گنگ چکڑالہ یکم نومبر: قیام ملتان
۲، نومبر: خطاب بعد عشاء جامع مسجد اللہ والی کہروڑ پکا ۳، نومبر: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان
۴، ۶ نومبر: قیام ملتان ۷، نومبر: خطاب بعد نماز ظہر مدرسہ احرار اسلام کلروالی مظفر گڑھ ۸، نومبر: مدرسہ عربیہ احیاء العلوم بستی کرائی تحصیل لیاقت پورہ ضلع رحیم یار خان ۹، نومبر: قیام بستی مولویاں ضلع رحیم یار خان ۱۰، نومبر: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان
۱۱، نومبر: شرکت سالانہ مجلس قرأت مسجد احرار چناب نگر ۱۲، نومبر: شرکت جلسہ بیاد سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ سلانوالی
۱۳، نومبر: خطاب سالانہ اجتماع خواتین بستان عائشہ ملتان
۱۴، تا ۱۶، نومبر: قیام لاہور ۱۷، نومبر: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

ترحیم

# مسافرانِ آخرت

**بابا حقنواز مرحوم:** مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے صدر محترم باباحق نواز مرحوم ۹۵ سال کی عمر میں گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح اور مجلس کے مخلص رفقاء میں سے تھے۔ وہ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور حضرت مولانا محمد گل شیر شہید رحمہم اللہ کی نشانی تھے۔ تمام عمر جواں مردی اور عزم و ہمت کے ساتھ مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ اور حسنات قبول فرما کر درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

مجلس احرار اسلام چکڑالہ کے کارکنوں محترم امتیاز حسین صاحب، عبدالخالق خلیق صاحب، محمد فاروق صاحب اور پاکستان یونین آف جرنلسٹس کے نائب صدر ڈی۔ ایم اعوان محمد شریف صراف، میاں محمد صاحب، مہر الہی صاحب، اور نور محمد زرگر صاحب باباحق نواز کے انتقال پر گہرے غم اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

## صوفی محمد خالص کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام کرم پور میلسی کے کارکن محترم صوفی محمد خالق صاحب کے بڑے بھائی ۲۵۔ اکتوبر کو انتقال کر گئے۔
اراکینِ ادارہ مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔ اور لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ بھی دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔